اعلیٰ حضرت مجددِ دین وملت امامِ اہلسنت شاہ **مولانا احمد رضا خان** علیہ رحمۃ الرحمٰن کے ارشادات کا مجموعہ

مع تخریج وتسہیل

معروف بہ

مسمّٰی بنام تاریخی **الملفوظ** ۱۳۳۸ھ

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

ملفوظاتِ اعلیٰ حضرت

مکمل 4 حصے

مؤلف: شہزادۂ اعلیٰ حضرت تاجدارِ اہلسنت مفتیٔ اعظم ہند حضرت علامہ مولانا

محمد مصطفیٰ رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن

SC 1286

اعلیٰ حضرت مُجَدِّدِ دین وملّت امامِ اہلسنّت شاہ مولانا احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کے اِرشادات کا مجموعہ

مُسمّٰی بنامِ تاریخی

اَلْمَلْفُوظ (مکمل 4 حصے)

۱۳۳۸ھ

معروف بہ

ملفوظاتِ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿مع تخریج وتسہیل﴾

مؤلّف:

شہزادۂ اعلیحضرت تاجدارِ اہلسنّت مفتیٔ اعظم ھند

حضرتِ علّامہ مولانا محمد مُصطَفٰی رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن

پیش کش

مجلِس المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)

ناشِر

مکتبۃُ المدینہ بابُ المدینہ کراچی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

نام کتاب: **الملفوظ**

پیش کش: مجلس اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَۃ

سنِ طباعت: 12 جُمادَی الْاُخریٰ 1430ھ، بمطابق 5 جون 2009ء

قیمت:

ناشر: **مکتبۃُ المدینہ** فیضانِ مدینہ محلّہ سوداگران پرانی سبزی منڈی باب المدینہ (کراچی)

E.mail:ilmia26@dawateislami.net
E.mail.maktaba@dawateislami.net
www.dawateislami.net
Ph:4921389-90-91 Ext:1268

تَوَکُّل کی تعریف

اعلیٰ حضرت، اِمامِ اَہلسنّت، مولٰینا شاہ **امام اَحمد رضا خان** علیہ رحمۃُ الرَّحمٰن فرماتے ہیں: توکُّل ترکِ اسباب کا نام نہیں بلکہ اعتمادُعَلَی الْاَسباب کا ترک ہے۔ (فتاوی رضویہ ج ۲۴ ص ۳۷۹) یعنی اسباب ہی کی چھوڑ کر دینا توکُّل نہیں ہے توکُّل تو یہ ہے کہ اسباب پر بھروسہ نہ کرے۔

ارشاد : غالباً حدیقہ ندیہ میں ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سیدی جنید بغدادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ دجلہ پر تشریف لائے اور ''**یا اللہ**'' کہتے ہوئے اس پر زمین کی مثل چلنے لگے۔ بعد کو ایک شخص آیا، اسے بھی پار جانے کی ضرورت تھی۔ کوئی کشتی اس وقت موجود نہ تھی۔ جب اس نے حضرت کو جاتے دیکھا، عرض کی: ''میں کس طرح آؤں؟'' فرمایا: ''**یا جُنید یا جُنید**'' کہتا چلا آ۔ اس نے یہی کہا اور دریا پر زمین کی طرح چلنے لگا۔ جب بیچ دریا میں پہنچا شیطان لعین نے دل میں وسوسہ ڈالا کہ حضرت خود تو ''**یا اللہ**'' کہیں اور مجھ سے ''یا جُنید'' کہلواتے ہیں۔ میں بھی ''**یا اللہ**'' کیوں نہ کہوں۔ اُس نے ''**یا اللہ**'' کہا اور ساتھ ہی غوطہ کھایا۔ پکارا: ''حضرت میں چلا'' فرمایا: ''وہی کہہ 'یا جُنید یا جُنید' '' جب کہا دریا سے پار ہوا۔ عرض کی: ''حضرت یہ کیا بات تھی آپ **اللہ** کہیں تو پار ہوں اور میں کہوں تو غوطہ کھاؤں؟'' فرمایا: ''ارے نادان ابھی تُو جنید تک تو پہنچا نہیں **اللہ** تک رَسائی کی ہَوس ہے، اَللہُ اَکْبَر! ۔ [1] (الحدیقۃ الندیۃ، مع کشف النور عن اصحاب القبور، ج۲، ص ۲۰ ۔ وفیہ ذکر سیدی محمد الحنفی الشاذلی)۔

اپنے نفس کی خاطر کوئی کام نہیں کیا

دو صاحب اَولیائے کرام سے ایک دریا کے اِس کنارے اور دوسرے اُس پار رہتے تھے۔ اُن میں سے ایک صاحب نے اپنے یہاں **کھیر** پکوائی اور خادم سے کہا: ''تھوڑی ہمارے دوست کو بھی دے آؤ۔'' خادم نے عرض کی: ''حضور راستے میں تو دریا پڑتا ہے کیوں کر پار اُتروں گا، کشتی وغیرہ کا کوئی سامان نہیں۔'' فرمایا: ''دریا کے کنارے جا اور کہہ کہ میں اُس کے پاس سے آیا ہوں جو آج تک اپنی عورت کے پاس **نہیں گیا**۔'' خادم حیران تھا کہ یہ کیا معمّا ہے اِس واسطے کہ حضرت **صاحبِ اولاد** تھے۔ بہر حال تعمیلِ حکم ضرور تھی، دریا پر گیا اور وہ پیغام جو اِرشاد فرمایا تھا کہا۔ دریا نے **فوراً راستہ** دے دیا۔ اس نے پار پہنچ کر ان بزرگ کی خدمت میں **کھیر** پیش کی۔ انہوں نے نوشِ جان فرمائی (یعنی کھائی) اور فرمایا: ''ہمارا اسلام اپنے آقا سے کہہ دینا۔'' خادم نے عرض کی کہ سلام تو جبھی کہوں گا جب دریا سے پار اُتر جاؤں۔ فرمایا: ''دریا پر جا کر کہہ: ''میں اس کے پاس سے آتا ہوں جس نے تیس برس سے آج تک **کچھ نہیں کھایا**۔'' خادم شش و پنج (یعنی اُلجھن) میں تھا۔ یہ عجیب بات

[1]: فقیہ ملت حضرت مفتی جلال الدین امجدی علیہ رحمۃ الغنی لکھتے ہیں: اگر کوئی کہے کہ ''**یا جنید، یا جنید**'' کہے تو نہ ڈوبے اور ''اللہ، اللہ'' کہے تو ڈوب جائے یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ تو ایسا کہنے والے کو صوبہ مہاراشٹر پونہ بھیج دیا جائے کہ اُسی کے قریب حضرت قمر علی درویش رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا مزار مبارک ہے۔ وہاں ایک بڑا گول پتھر ہے جس کا وزن نوے (90) کلو بتایا جاتا ہے وہ ''قمر علی درویش'' کہنے پر انگلیوں کے معمولی سہارا دینے سے اُوپر اٹھتا ہے اور ''اللہ'' کہنے سے نہیں اٹھتا۔ میں بذاتِ خود اس کا تجربہ کر چکا ہوں۔ اس میں کیا راز ہے اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔ (فتاویٰ فقیہ ملت، ص ۱)

ہے ابھی تو میرے سامنے کھیر تناول فرمائی اور فرماتے ہیں اتنی مدت سے کچھ نہیں کھایا مگر بلحاظِ ادب خاموش۔ دریا پر آ کر جیسا فرمایا تھا کہہ دیا۔ دریا نے پھر راستہ دے دیا، جب اپنے آقا کی خدمت میں پہنچا تو اس سے نہ رہا گیا اور عرض کی: ''حضور یہ کیا معاملہ تھا؟'' فرمایا: ''ہمارا کوئی فعل اپنے نفس کے لئے نہیں ہوتا۔''

وھابیہ کی نماز؟

عرض : وہابیہ کی جماعت چھوڑ کر الگ نماز پڑھ سکتا ہے؟

ارشاد : نہ اُن کی نماز نماز ہے نہ اُن کی جماعت جماعت۔

وھابیہ کی مسجد؟

عرض : وہابیوں کی بنوائی ہوئی مسجد، مسجد ہے یا نہیں؟

ارشاد : کفار کی مسجد مثل گھر کے ہے۔

وھابی مُؤذِّن کی اذان کا اعادہ

عرض : وہابی مؤذِّن کی اَذان کا اعادہ کیا جائے یا نہیں؟

ارشاد: جس طرح اُن کی نماز باطل اُسی طرح اذان بھی، ہاں تعظیماً **اللہ** کے نام پر جَلَّ شَانُہٗ اور نامِ اقدس (یعنی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کے نام مبارک) پر دُرُود شریف پڑھے۔

کیا کفّار سے نرمی کرنی چاھئے؟

عرض : حضور یہ روایت صحیح ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے کاشانۂ اقدس میں ایک کافر مہمان ہوا، اور اس خیال سے کہ اَہلِ بیتِ اطہار بھوکے رہیں سب کھانا کھا گیا۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حجرہ شریف میں ٹھہرایا۔ پچھلی رات کے وقت پیٹ میں گرانی معلوم ہوئی اور تھوڑی دیر بعد اِجابت (یعنی پاخانے) کی ضرورت ہوئی۔ شرمندگی کی وجہ سے کہیں کوئی دیکھ نہ لے حجرے شریف میں غلاظت پھیلائی اور تمام بستر وغیرہ خراب کر دیا اور صبح ہوتے ہی وہاں سے چل دیا۔ جب حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) حجرے شریف میں مہمان کی خیریت معلوم کرنے کی غرض سے تشریف لائے تو یہ کیفیت ملاحظہ فرمائی۔ آپ نے نجاست کو صاف کروایا۔ صحابہ کرام (علیہم الرضوان) کو اُس (کافر) کی اس ناشائستہ حرکت پر